DIRECTORATE OF EDUCATION,GNCT DELHI

(PRACTICE QUESTION PAPER 2023-24)

SUBJECT : URDU - I

CLASS: VIII

TIME:2:30 Hrs. Max.Marks :60

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 6

سیّد فضل الحسن نام اور حسرت تخلّص تھا۔ 1875 میں قصبہ موہان ضلع اناؤ، اتر پر دیش میں پیدا ہوئے بعض کتابوں میں ان کا سنہ پیدائش 1880 اور 1881 بھی ملتا ہے۔ وہ ایک کامیاب شاعر اور بے باک صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک سر گرم سیاست داں اور مجاہد آزادی بھی تھے عربی فارسی کی ابتدائی تعلیم مکتب میں حاصل کی۔ 1898 میں گورنمنٹ ہائی اسکول، فتح پور سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد 1899 میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج (موجودہ علی گڑھ یونیورسٹی) میں داخلہ لیا۔حسرت نے بارہ سال کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا تھا۔

(i) حسرت موہانی کا پورا نام کیا تھا؟

(a)۔فضل کریم (b)۔سیّد فضل احمد (c)۔سیّد فضل الحسن (d)۔محمّد فضل

(ii) حسرت موہانی کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) آگرہ (b)۔اتّر پر دیش (c)۔کانپور (d)۔دہلی

(iii) حسرت نے کتنی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا تھا؟

(a) بارہ (b)۔گیارہ (c)۔دس (d)۔نو

سوال 2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 6

اک دن کسی مکھی سے یہ کہنے لگا مکڑا
اس راہ سے ہوتا ہے گزر روز تمھارا

لیکن مری کٹیا کی نہ جاگی کبھی قسمت
بھولے سے بھی تم نے یہاں پاؤں نہ رکھا

غیروں سے نہ ملیے تو کوئی بات نہیں ہے
اپنوں سے مگر چاہیے یوں کھنچ کے نہ جائے

(i) مکڑا کس سے کہنے لگا؟

(a) مکھی (b)۔ مچھر (c)۔ تتلی (d)۔ چھپکلی

(ii) کس کی قسمت کبھی نہیں جاگی؟

(a) محل کی (b)۔ کٹیا کی (c) ۔ جھونپڑی کی (d)۔ مکان کی

(iii) راہ کے کیا معنی ہیں؟

(a) دروازہ (b)۔ راستہ (c)۔ راہی (d)۔ جنگل

سوال3۔ درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 6

ایک بڑھیا جنگل بیابان میں جہاں نہ آدم نہ آدم زاد، ایک بڑے درخت کے نیچے بیٹھی تھی۔ خدا کا کرنا کیا ہوا کہ انھیں دنوں جاڑا، گرمی اور برسات کا جھگڑا ہوا۔ جاڑا کہتا میں اچھا، گرمی کہتی میں اچھی، برسات کہتی میں اچھی۔ آخر یہ صلاح ہوئی کہ چلو، چل کر کسی آدم زاد سے پوچھیں۔ ان کا جو ادھر سے گزر ہوا تینوں نے کہا ــ"لو بھئی، وہ سامنے ایک بڑھیا بیٹھی ہے چلو اس سے پوچھیں۔ سب سے پہلے میاں جاڑے آئے۔ گوری گوری رنگت، کلّے ایسے جیسے انار کا دانہ۔ سفید لمبی داڑھی، موٹا سا روئی کا دگلہ پہنے، خوب اوڑھے لپٹے آئے۔

(i) بڑھیا کہاں بیٹھی تھی؟

(a) سڑک پر (b) گھر پر (c) درخت کے نیچے (d) محل میں

(ii) یہاں پر کتنے موسموں کا ذکر کیا گیا ہے؟

(a) چار (b) دو (c) ایک (d) تین

(iii) درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) ایک مزے دار کہانی (b) کندن لال سہگل (c) حضرت محل (d) چچا کبابی دلی والے

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 6

جس طرح باغ کے پھولوں کو چمن پیارا ہے
بن میں جو کھلتی ہیں کلیاں انھیں بن پیارا ہے
یوں ہی شبنم کو بھی اپنا ہی وطن پیارا ہے

کہکشاں روز بلا کر اسے بہکاتی ہے
پر یہ دامن میں زمیں کے ہی سکوں پاتی ہے

(i) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a)۔ ماں کا خواب　(b)۔ شبنم　(c)۔ دیوالی کے دیپ جلے　(d)۔ لو پھر بسنت آئی

(ii) لفظ شبنم کے کیا معنی ہیں؟

(a)۔ کلی　(b)۔ کانٹا　(c)۔ اوس　(d)۔ پانی

(iii) چمن کسے پیارا ہے؟

(a) پھولوں کو　(b)۔ کانٹوں کو　(c)۔ پتّوں کو　(d)۔ تتلیوں کو

سوال 5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 5

(i) پسندیدہ تہوار　(ii) علم کی اہمیت　(ii) دلّی کی تاریخی عمارتیں

سوال 6۔ اپنے پرنسپل صاحب کے نام تین دن کی چھٹّی کی درخواست لکھئے۔ 4

یا

شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے دوست کے نام خط لکھئے۔

سوال 7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب دیجئے۔ 8

(i) نیچے دیئے گئے لفظوں میں سے صرف چار کے متضاد لکھئے۔

شب، سکون، بھلائی، دور، پرانی، آسمان

(ii) نیچے دیئے گئے محاوروں میں سے صرف دو کے معنی لکھئے۔

جی بیزار ہونا، پاؤں چاٹنا، تھر تھر کانپنا، نہال ہونا

(iii) وہ لفظ جو کسی لفظ کے پہلے لگ کر نیا لفظ بناتے ہیں انہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(iv) وہ فعل جو آنے والے وقت میں کیا جائے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

سوال 8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 9

(i) بچوں کے پانچوں حواس کب کام کرنا شروع کرتے ہیں؟

(ii) بڑھیا کے ساتھ برسات کا سلوک کیسا تھا؟

(iii) کے۔ ایل۔ سہگل نے اپنی کس خوبی سے سرکار صاحب اور بورال دا کو متاثر کیا؟

(iv) شرت چندر چٹرجی کے ناول پر بنی پہلی فلم کا کیا نام تھا اور وہ کس زبان میں تھی؟

(v) حضرت محل کی آخری آرام گاہ کہاں پر ہے؟

سوال9۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 6

(i) لڑکے کے ہاتھ میں دیا کیوں نہیں جل رہا تھا؟

(ii) شاعر کو کن کن چیزوں پر شبنم کا گمان ہوتا ہے؟

(iii) گوتم بدھ کو کس بات کا احساس ہوا تھا؟

(iv) نظم دیوالی کے دیپ جلے کے شاعر کا نام لکھئے۔

سوال10۔ صحیح جملوں پر صحیح (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔ 4

(i) کے۔ ایل۔ سہگل کی پہلی فلم کا نام ماں کے آنسو تھا۔ ( )

(ii) ہیرو کے رول کے لیے مناسب کردار موجود تھا۔ ( )

(iii) کے۔ ایل۔ سہگل بہت اچھا گاتے تھے۔ ( )

(iv) کے۔ ایل۔ سہگل ایک تندرست جسم کے مالک تھے۔ ( )